آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

رجسٹرڈ نمبر 243

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر
احسان احمد سحر

منیجنگ ایڈیٹر
محمد سلیمان فاروقی

ایڈیٹر
نجم النساء بخاری

ٹیلیفون نمبر 062-2508053
موبائل 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 16 | بدھ 6 جولائی 2022ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 115

کالعدم تحریک طالبان پاکستان سے بات چیت کا عمل آگے بڑھانے کی باضابطہ منظوری

وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ہونے والے پارلیمنٹ کی قومی سلامتی کمیٹی کے اِن کیمرا اجلاس میں اتفاق پایا گیا ہے کہ کالعدم تحریک طالبان سے مذاکرات کے معاملے پر اسٹیئرنگ کمیٹی بنائے جائیگی

اجلاس کے دوران ٹی ٹی پی کے ساتھ مذاکرات کو آگے بڑھانے کی باضابطہ منظوری دیدی گئی' اجلاس میں سیاسی وعسکری قیادت نے شرکت کی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ہونے والے پارلیمنٹ کی قومی سلامتی کمیٹی کے اِن کیمرا اجلاس میں اتفاق پایا گیا ہے کہ کالعدم تحریک طالبان سے مذاکرات کے معاملے پر اسٹیئرنگ کمیٹی بنائے جائیگی، اجلاس کے دوران ٹی ٹی پی کے ساتھ مذاکرات کو آگے بڑھانیکی باضابطہ منظوری دیدی گئی۔قومی سلامتی کا چھٹا اجلاس وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ہوا، اجلاس میں سیاسی و عسکری قیادت نے شرکت کی، شرکا میں کور کمانڈر پشاور لیفٹیننٹ جنرل فیض حمید، صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود، وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس، سیکرٹری خارجہ سہیل محمود، وزیر مملکت برائے خارجہ حنا ربانی کھر، وزیراعظم کے معاون خصوصی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

معاشی حالات بہتر ہوتے ہی عوام کو مزید سہولیات فراہم کرینگے؛ وزیراعظم

سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری کردہ ایک بیان

اسلام آباد (یواین پی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ معاشی حالات بہتر ہوتے ہی عوام کو مزید سہولیات فراہم کریں گے۔تفصیلات کے مطابق سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری کردہ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

قومی سلامتی کمیٹی اجلاس سے قبل وزیراعظم اور عسکری قیادت کی ملاقات

اسلام آباد (یواین پی) اسلام آباد میں پارلیمنٹ کی قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس شروع ہوگیا

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بلاشبہ ترکی پاکستان کا سب سے زیادہ قابل اعتماد اور مخلص دوست ہے

ملک کی موجودہ حکومت نے ان تعلقات کو ایک نئی جہت دی ہے' گورنر پنجاب

لاہور (نمائندہ خصوصی) گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان سے ڈائریکٹر جنرل برائے یورپین یونین اور خارجہ امور وزارت صحت ترکی Sclami Kilic اور لاہور میں ترکی کے کونسل جنرل امیر اوزبے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعلیٰ پنجاب کا انتخاب عدالتی فیصلے کی روشنی میں اسمبلی کا اجلاس دوبارہ طلب

پنجاب اسمبلی کا وزیراعلیٰ کے انتخاب کے لئے اجلاس 22 جولائی کو شام چار بجے ہوگا، پرویز الٰہی نے اجلاس طلب کرنے کے آڈر پر دستخط کر دیئے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب کے انتخاب کے لئے اسپیکر پنجاب اسمبلی چودھری پرویز الٰہی نے سپریم کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں اسمبلی کا 40واں اجلاس دوبارہ بلا لیا۔اسپیکر پنجاب اسمبلی چودھری پرویز الٰہی نے وزیراعلیٰ کے انتخاب

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

طوفانی بارش کے بعد اسلام آباد کے تمام ڈیمز میں تیراکی پر پابندی عائد

اسلام آباد (یواین پی) جڑواں شہروں اسلام آباد اور راولپنڈی میں آج ہونے والی طوفانی بارش کے بعد وفاقی دارالحکومت کے تمام ڈیمز میں تیراکی پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ جڑواں

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عوام کو ریلیف دینا پہلی ترجیح ہے اور رہے گی؛ شہباز

مفت ادویات اور سستے آٹے کے بعد مفت بجلی کی فراہمی مسلم لیگ (ن) کی حکومت کے غریب پرور اقدامات، اللہ تعالیٰ نے ہمت دی تو عوامی ریلیف کیلئے مزید اقدامات بھی کرینگے: وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (بیورو چیف) وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف نے کہا ہے کہ مفت ادویات اور سستے

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جنوبی پنجاب، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں 190 نئے یونیٹیلٹی اسٹورز کھولنے کا فیصلہ، سمری تیار

اسلام آباد (یواین پی) جنوبی پنجاب، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں 190 نئے یونیٹیلٹی اسٹورز کھولنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ذرائع کے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وائس چانسلر آئی یو بی سے عقیل نجم ہاشمی کی ملاقات

بہاول پور شہر کی تعلیمی، سماجی اور معاشی ترقی میں آئی یو بی کا کردار بہت اہم ہے

بہاولپور (پ ر) وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب سے سابق ناظم بہاول پور عقیل نجم ہاشمی نے ملاقات کی۔انہوں نے کہا کہ بہاول پور شہر کی تعلیمی، سماجی اور معاشی ترقی میں اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور کا

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب وائس چانسلر، سابق میئر بہاول پور عقیل نجم ہاشمی سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو۔

پرانا ڈاکخانہ سے بہاول واہ تک نئی سیوریج لائن ڈالنے کا کام سست روی کا شکار

دوکانداروں کے کاروبار متاثر، دھول مٹی، سے دوکانوں میں بیٹھنا دوبھر ہوگیا

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) پرانا ڈاکخانہ سے بہاول واہ تک نئی سیوریج لائن ڈالنے کا کام سست روی کا شکار، دوکانداروں کے کاروبار متاثر، دھول مٹی، سے دوکانوں میں بیٹھنا دوبھر ہوگیا۔تفصیل کے مطابق ایم پی اے صاحبزادہ میاں گزین عباسی کی گرانٹ سے پرانا ڈاکخانہ سے کوٹلہ موسیٰ خان

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حکومت کا عید پر بجلی کی لوڈشیڈنگ نہ کرنے کا اعلان

عید پر ملک کے کسی علاقے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ نہیں ہوگی۔ذرائع وزارت توانائی

اسلام آباد (یواین پی) حکومت نے عید الاضحیٰ پر ملک میں بجلی کی لوڈشیڈنگ نہ کرنے کا اعلان کردیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ذرائع وزارت توانائی کا کہنا ہے کہ حکومت نے اضافی تیل اور گیس کا انتظام کرلیا ہے جن سے ضرورت

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

قیامت خیز گرمی میں برف بھی غریب آدمی کی پہنچ سے دور ہوگئی

20 روپے فی کلو فروخت ہونے لگی، آئس فیکٹری مالکان نے بھی ایکا کرلیا

اوچ شریف (جنرل رپورٹر) قیامت خیز گرمی میں برف بھی غریب آدمی کی پہنچ سے دور ہو گئی 20 روپے فی کلو فروخت ہونے لگی، آئس فیکٹری مالکان نے بھی ایکا کرلیا، 120 کلوگرام وزنی بلاک 250 روپے میں بیچنے کی بجائے 60 کلوگرام کا غیر معیاری بلاک 700 روپے میں سپلائی کرنے لگے، غیر معیاری زنگ آلود سانچے اور بغیر فلٹریشن پانی استعمال کرنے کا الزام

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کورونا کا پھیلاؤ تیز، این سی او سی نے عید الاضحیٰ کے لیے گائیڈ لائن جاری کردی

اسلام آباد (یواین پی) ملک میں کورونا کے بڑھتے کیسز کے باعث این سی او سی نے عید الاضحیٰ

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسلام آباد: بنی گالا کے قریب کورنگ نالا میں پھنسے بچوں کو بحفاظت نکال لیا گیا

نیوی، پولیس کی ٹیمیں اور ضلعی انتظامیہ نے کافی کوششوں کے بعد بچوں کو بحفاظت کورنگ نالے سے نکالا

اسلام آباد (یواین پی) اسلام آباد میں تھانہ بنی گالا کی حدود میں واقع کورنگ نالا میں 4 بچے پانی میں پھنس گئے، جنہیں بحفاظت نکال لیا گیا۔بچوں کو ریسکیو کرنے کے لیے ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں، نیوی، پولیس کی ٹیمیں اور ضلعی انتظامیہ

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تمام سازشیوں کا علم دیوار سے لگا گیا تو کرداروں کو بے نقاب کردوں گا؛ عمران خان

پاکستان میں 5 جولائی کو مارشل لا لگا کر ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت ختم کی گئی، امریکا ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت سے خوش نہیں تھا، امریکا خوش نہیں تھا پاکستان ایک آزاد خارجہ پالیسی بنائے، ذوالفقار علی بھٹو بھی پاکستان کو آزاد خارجہ پالیسی کی طرف لے جارہے تھے

آج وہ لوگ مسلط کیے گئے ہیں جن پر اربوں روپے کرپشن کے کیسز چل رہے ہیں، آصف زرداری کو مسٹر ٹین پرسنٹ کہا گیا، نواز شریف کی کرپشن پر فلمیں بنی ہوئی ہیں' موجودہ حکمرانوں کا صرف ایک مقصد تھا کسی طرح این آر او مل جائے، سابق وزیراعظم کی نیوز کانفرنس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ ملک کو نقصان سے بچانے کے لیے چپ ہو کر بیٹھا ہوں۔ مجھے معلوم ہے کہ اس سازش میں کس کردار نے کیا رول ادا کیا ہے۔ اگر اسی طرح دیوار پر لگا دیا گیا اور ہراساں کیا گیا تو پھر میں مجبور ہوں گا اور پھر میں بولوں گا۔ نیوز کانفرنس کے دوران پی ٹی آئی چیئرمین نے کہا کہ پاکستان میں 5 جولائی کو مارشل لا لگا کر ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت ختم کی گئی، امریکا ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت سے خوش نہیں تھا، امریکا خوش نہیں تھا پاکستان ایک آزاد خارجہ پالیسی بنائے، ذوالفقار علی بھٹو بھی پاکستان کو آزاد خارجہ پالیسی کی طرف لے جارہے تھے، آج وہ لوگ مسلط کیے گئے ہیں جن پر اربوں روپے کرپشن کے کیسز چل رہے ہیں، آصف زرداری کو مسٹر ٹین پرسنٹ کہا گیا، نواز شریف کی کرپشن پر فلمیں بنی ہوئی

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کمشنر راجہ جہانگیر انور کا بہاول وکٹوریہ ہسپتال کے شعبہ بیرونی مریضان اور کارڈیک سنٹر کا دورہ

کمشنر بہاولپور نے اس موقع پر بہاول وکٹوریہ ہسپتال کے شعبہ آٹ ڈور اور کارڈیک سنٹر میں مریضوں کو ادویات کی فراہمی کے نظام کا جائزہ بھی لیا

کمشنر بہاول پور ڈویژن راجہ جہانگیر انور بہاول وکٹوریہ ہسپتال کے دورہ کے موقع پر مریض سے بات چیت کررہے ہیں۔

بہاولپور (پ ر) کمشنر بہاول پور ڈویژن راجہ جہانگیر انور نے بہاول وکٹوریہ ہسپتال کے شعبہ بیرونی مریضان اور کارڈیک سنٹر کا دورہ کیا۔ انہوں نے اس موقع پر بہاول وکٹوریہ ہسپتال کے شعبہ آٹ ڈور اور کارڈیک سنٹر میں مریضوں کو

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نیپرا نے کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی پر 1 کروڑ روپے جرمانہ عائد کردیا

جولائی 2019 سے جون 2021 کے دوران کرنٹ لگنے سے 15 افراد کی ہلاکتیں ہوئی تھیں

اسلام آباد (یواین پی) جولائی 2019 سے جون 2021 کے دوران کرنٹ لگنے سے شہریوں کی اموات کے معاملے پر نیپرا نے کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) پر 1 کروڑ روپے جرمانہ عائد کردیا ہے۔نیپرا اعلامیے کے مطابق مذکورہ مدت

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ملک میں برقی پنکھوں کی پیداوار میں سالانہ بنیادوں پر اضافہ ریکارڈ

ملک میں بیس لاکھ 65 ہزار 868 یونٹس برقی پنکھوں کی پیداوار ریکارڈ کی گئی، پی بی بی

اسلام آباد (یواین پی) ملک میں برقی پنکھوں کی پیداوار میں گزشتہ مالی سال کے پہلے 10 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کی جانب سے اس حوالہ سے دستیاب اعداد و شمار کے مطابق جولائی 2021 سے اپریل 2022 تک کی مدت میں ملک میں 2065868 یونٹس برقی پنکھوں کی

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

گرداوران اور پٹواری اپنے ذمہ بقایاجات کو سو فیصد یقینی بنائیں، اسسٹنٹ کمشنر راجہ قاسم محبوب جنجوعہ

اسسٹنٹ کمشنر وایڈمنسٹریٹر راجہ قاسم محبوب جنجوعہ کی تحصیلدار وسب رجسٹرار عدنان اشرف کے ہمراہ آبیانہ اور زرعی ٹیکس سے متعلق اپنے دفتر میں ریونیو عملہ کیساتھ میٹنگ

احمد پور شرقیہ: اسسٹنٹ کمشنر راجہ قاسم محبوب جنجوعہ تحصیلدار وسب رجسٹرار عدنان اشرف کے ہمراہ ریونیو آفیسران، گرداوران اور پٹواریان سے اپنے دفتر میں میٹنگ کررہے ہیں۔

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر وایڈمنسٹریٹر راجہ قاسم محبوب جنجوعہ نے تحصیلدار وسب رجسٹرار عدنان اشرف کے ہمراہ آبیانہ اور زرعی ٹیکس سے متعلق اپنے دفتر میں ریونیو عملہ کے ساتھ میٹنگ کرتے ہوئے کہا کہ گرداوران اور پٹواری دلجمعی سے کام کرتے ہوئے اپنے ذمہ بقایاجات کو سو فیصد یقینی بنائیں۔تحصیلدار وسب رجسٹرار عدنان اشرف نے اسسٹنٹ کمشنر وایڈمنسٹریٹر راجہ قاسم محبوب

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عالمی مارکیٹ میں خام تیل کے نرخوں میں اضافے کا رجحان برقرار

سنگاپور (یواین پی) عالمی مارکیٹ میں خام تیل کے نرخوں میں اضافے کا رجحان برقرار

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بھارتی طیارے کی کراچی ائیر پورٹ پر ہنگامی لینڈنگ

ہنگامی لینڈنگ کرنیوالے بھارتی طیارے کے مسافروں کو باہر نکلنے کی اجازت نہیں دی گئی

کراچی (یواین پی) بھارت کی ایک نجی ائیر لائن کے طیارے کو فنی خرابی کے باعث کراچی ائیر پورٹ پر ہنگامی لینڈنگ کرنا پڑی۔ دہلی سے دبئی جانے والے بھارتی طیارے بوئنگ 737 کے کپتان نے فنی خرابی کے باعث کراچی

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بجلی بحران بے قابو، شارٹ فال تقریباً ساڑھے 6 ہزار میگاواٹ تک پہنچ گیا

شہری علاقوں میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 12 اور دیہی علاقوں میں 16 گھنٹے تک پہنچ گیا

اسلام آباد (یواین پی) ملک میں بجلی بحران پر تاحال قابو نہ پایا جاسکا، شارٹ فال تقریباً ساڑھے 6 ہزار میگاواٹ تک پہنچ گیا۔ پاور ڈویژن کے ذرائع کے مطابق شدید گرمی کے باعث بجلی کی طلب میں ریکارڈ اضافہ ہوا

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایف بی آر کی جانب سے ریفنڈز کی ادائیگیوں میں 33.3 فیصد اضافہ

اسلام آباد (یواین پی) مالی سال 2022 کے دوران فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے ریفنڈز کی ادائیگیوں میں

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کورونا بپھر گیا، سینکڑوں افراد متاثر، ہسپتالوں پر بوجھ بڑھنے لگا

24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مثبت کیسز کی شرح 3.45 فیصد ریکارڈ کی گئی

اسلام آباد (یواین پی) ملک بھر میں کورونا ایک بار پھر منہ زور ہونے لگا ہے، مزید 600 سے زائد نئے مریض وائرس کا شکار ہو گئے ہیں، ہسپتالوں پر بوجھ بڑھنے لگا۔قومی ادارہ برائے صحت کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پاکستان میں کورونا وائرس کے مثبت کیسز کی شرح 3.45 فیصد ریکارڈ کی گئی۔این آئی ایچ کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق 24 گھنٹوں میں 18 ہزار 950 کووڈ کے ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 653 افراد میں وائرس کی تشخیص ہوئی۔قومی ادارہ برائے صحت کے مطابق

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حمزہ شہباز کا ریلیف پیکیج محدود اختیار سے تجاوز ہے، فواد چودھری کا سپریم کورٹ کو خط

خط میں الزام عائد کیا گیا ہے کہ حمزہ شہباز نے عدالتِ عظمیٰ کے واضح احکامات اور انتخابی ضابطہ اخلاق کو پیروں تلے روند دیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) تحریک انصاف کے سینئر نائب صدر فواد چودھری نے سپریم کورٹ کو خط لکھا ہے، جس میں انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز کے ریلیف پیکیج کے اعلان کو

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایرانی سیکورٹی فورسز نے مزید 55 پاکستانی شہریوں کو ایران کے مختلف شہروں سے گرفتار کرکے لیویز انتظامیہ کے حوالے کردیا

تفتان (یواین پی) پاک ایران کے سرحدی شہر تفتان میں ایرانی سیکورٹی فورسز نے مزید 55 پاکستانی شہریوں کو ایران کے مختلف شہروں سے

بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حکومت نے سگریٹ انڈسٹری کو اربوں روپے کا ٹیکس ریلیف دے دیا

عوامی ردعمل سے بچنے کیلئے تبدیلی قومی اسمبلی میں بجٹ کی منظوری کے موقع پر کی گئی

اسلام آباد (یواین پی) حکومت نے سگریٹ انڈسٹری کو اربوں روپے کا ٹیکس ریلیف دے دیا۔وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایات اور اتحادی حکومت کی سب سے اہم جماعت کی سگریٹ پر ٹیکس بڑھانے کے لیے کوششوں کے برعکس حکومت نے فیتی سگریٹ برانڈز کی قابل ٹیکس قیمت کی سطح بلند کرکے اس سیکٹر کو اربوں روپے کا

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب وائس چانسلر اور ڈائریکٹر ایلومینائی ڈاکٹر اظہر حسین امریکی جامعات میں گلوبل کلچرل انڈر گریجویٹ سمسٹر ایکسچینج پروگرام کے تحت منتخب ہونیوالے طلباء وطالبات کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

کیا خیبر پختونخوا حکومت کے خرچے پر پریس کانفرنس کرنا جائز ہے؟ عطا تارڑ

پی ٹی آئی رہنما پریس کانفرنس کیلئے بھی سرکاری جگہ چنتے ہیں تاکہ خرچہ بچ جائے

لاہور (یواین پی) پی ٹی آئی رہنماؤں نے گزشتہ روز خیبر پختونخوا ہاؤس میں پریس کانفرنس کی جس پر عطا تارڑ برہم ہوگئے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے جاری کردہ بیان میں عطا تارڑ نے کہا کہ یہ پریس کانفرنس کے لئے بھی سرکاری جگہ چنتے ہیں تاکہ خرچہ بچ جائے اور خیبر پختونخوا حکومت کا خرچہ ہو۔ مسلم لیگ ن کے رہنما نے کہا

بقیہ نمبر 30 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب عمران سکندر بلوچ نے (PICIIP) ہیڈ آفس کا دورہ کیا

پراجیکٹ ڈائریکٹر حمزہ سالک نے پروگرام پر بریفنگ دی

بہاولپور (پ ر) سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب عمران سکندر بلوچ نے منگل کے روز پنجاب انٹرمیڈیٹ سٹیز پروگرام (PICIIP) ہیڈ آفس کا دورہ کیا جہاں پراجیکٹ ڈائریکٹر حمزہ سالک نے پروگرام پر بریفنگ دی۔ سیکریٹری بلدیات نے

بقیہ نمبر 29 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایسے اقدامات کیے جائیں کہ گھروں میں پانی داخل نہ ہو، ایڈمنسٹریٹر کراچی کی حکام کو ہدایت

کے ایم سی، ڈی ایم سیز کے پمپس لگائے جائیں تاکہ علاقہ مکینوں کو فوری ریلیف مہیا ہو۔ مرتضیٰ وہاب

کراچی (یواین پی) ایڈمنسٹریٹر کراچی مرتضیٰ وہاب نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ ایسے اقدامات کیے جائیں کہ گھروں میں پانی داخل نہ ہو۔ ایڈمنسٹریٹر کے ایم سی سندھ کے ترجمان وشیر قانون سندھ بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے رات گئے گلشن معمار اور احسن آباد کا دورہ کیا۔ مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ گلشن معمار اور احسن

بقیہ نمبر 34 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

صنعتی شعبہ کو بجلی، گیس کی لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دیا جائے، راجہ وسیم حسن

لاہور (یواین پی) تاجر رہنما چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی آئرن و سٹیل فیڈریشن آف چیمبرز آف کامرس وانڈسٹریز پاکستان وصدر لوہا مارکیٹ

بقیہ نمبر 35 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پی آئی اے اور سعودی ائیر لائن کی پرواز 360 حاجن حج کو چھوڑ کر روانہ ہوگئی

اسلام آباد (یواین پی) اسلام آباد ائیر پورٹ سے جدہ جانے والی پی آئی اے اور

بقیہ نمبر 32 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کوئٹہ میں بارش نے تباہی مچادی، 3 خواتین سمیت 7 افراد جاں بحق

طوفانی بارش سے نشیبی علاقے زیر آب آگئے، ضلعی انتظامیہ اور امدادی ٹیمیں کام میں مصروف

کوئٹہ (یواین پی) بلوچستان بھر میں بارشوں کا سلسلہ جاری ہے، کوئٹہ سمیت مختلف علاقوں میں چھتیں گرنے اور دیواریں منہدم ہونے کے مختلف واقعات میں 3 خواتین سمیت 7 افراد جاں بحق اور 20 زخمی ہو گئے۔تفصیلات کے مطابق کوئٹہ

بقیہ نمبر 33 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حاصل پور کو ضلع کا درجہ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے

حاصل پور شہر کا اپنے ضلعی ہیڈ کوارٹر سے فاصلہ سو کلومیٹر جبکہ دیہاتی علاقوں سے ڈیڑھ سو کلومیٹر ہے

جس کی وجہ سے عوام کو بے پناہ دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے' سیاسی سماجی مزہبی کاروباری طبقے

حاصل پور (نمائندہ خصوصی) حاصل پور کے سیاسی سماجی مزہبی کاروباری طبقے نے کہا ہے کہ حاصل پور کو ضلع کا درجہ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے جس کی وجہ سے عوام کو بے پناہ دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ممبر پنجاب بار کونسل حاجی محمد افضل دھرالہ ایڈووکیٹ نے کہا کہ حاصل پور کو ضلع کا درجہ

بقیہ نمبر 36 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب میں مفت بجلی، پی ٹی آئی کے سپریم کورٹ کو خط پر مریم نواز کا سخت ردعمل

پنجاب میں غریب کو مفت بجلی دینے کے احسن اقدام کو عدالتوں میں لے جانے کی بجائے خیبر پختونخوا کے ناداروں کو بجلی مفت فراہم کریں

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے کہا ہے کہ پنجاب میں غریب کو مفت بجلی دینے کے احسن اقدام کو عدالتوں میں لے جانے کی بجائے خیبر پختونخوا کے ناداروں کو بجلی مفت فراہم کریں۔ خیال رہے کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی (نے وزیراعلیٰ پنجاب میاں محمد حمزہ شہباز کی طرف سے پنجاب میں 100 یونٹ مفت بجلی کے اعلان کیخلاف سپریم کورٹ آف پاکستان کو خط لکھ دیا۔ پی ٹی آئی کی جانب سے سپریم کورٹ کو

بقیہ نمبر 31 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایفا سکول سسٹم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

نرسری تا نہم

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج قینچی موڑ احمد پور

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

نرسری تا پنجم

دی ایجوکیٹرز

بیکن ہاؤس سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

بوائز اینڈ گرلز

احمد پور سکول

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

بی ایڈ، ایل ایل بی، ایم اے 0300-8688787

القادریہ پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(PEF-EVS) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن

احمد پور شرقیہ کا قدیم سکول 1995ء سے قائم شدہ

Ph.0300-8155716

تحصیل کا پہلا واؤچر سکول جس میں داخلے پر (آپ کے بچے کی مکمل تعلیمی فیس گورنمنٹ ادا کریگی)

(PEF) اپنی واؤچر سکیم کے تحت نرسری سے ایف۔اے تک مفت تعلیم، مفت کتابوں کی سہولیات فراہم کرتا ہے

- خوبصورت بلڈنگ
- صاف ستھرا ماحول
- ہر بچے پر خصوصی توجہ
- بچوں کے جھولے
- دینی تعلیم، قرآن مجید، تفسیر، حدیث کی تعلیم
- لائبریری
- کمپیوٹر لیب

مفت تعلیم	مفت کتابیں	اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ

القادریہ پبلک سکول نزد حکیم حسنین کلینک ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ

حکیم محمد حسنین چوہان

ماہر امراض معدہ

ماہر امراض مخصوصہ

احمد پور شرقیہ کے سینئر کوالیفائیڈ حکیم

فارغ التحصیل گورنمنٹ کالج بہاولپور

فارغ التحصیل انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد

ماہر نباض، نبض دکھائیں، مرض حکیم صاحب خود بتاتے ہیں

امراض معدہ، معدہ آنتوں میں زخم، السر، ورم، معدہ آنتوں کی سوزش، قبض، پیچس، جوڑوں کا درد، شوگر کا یقینی خاتمہ، گردے مثانے کی پتھری بذریعہ دوائی اخراج، سستی، نامردی، جریان، احتلام، بانجھ پن، اولاد کا یقینی ہونا، الرجی، دمہ، ٹائیفائیڈ بخار اور ہر قسم کے مرض کے علاج کیلئے تشریف لائیں

ایڈریس: حسنین کلینک ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ 0300-8155716

پنجاب کالج احمد پور شرقیہ

F.SC	F.A	I.C.S	I.COM

(PEF-EVS) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن

قینچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

آپ کے معیار کے مطابق ہر قسم کی بہترین ورائٹی

نیو نشاط

ایک دام

کلاتھ ہاؤس

ڈیلر، گل احمد، الکرم، ڈینسٹی، فردوس کی تمام ورائٹی دستیاب ہے۔

تحصیل بازار احمد پور شرقیہ

پروجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

میاں محمد عمر

0331-7567242

ہر موسم کی تمام معیاری کمپنیوں کی گارمنٹس ورائٹی

بابا، بے بی، لیڈیز اینڈ جینٹس،

آپ کے ذوق کے عین مطابق دستیاب ہے

نشاط آؤٹ فٹ

ڈیلر، آکسفورڈ، بونیزہ

ایک دام

جنگو پلازہ

ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پراجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

ورائٹی اور معیار ہماری پہچان

نشاط فیبرکس

ایک دام

ڈیلر، گل احمد، الکرم، ڈینسٹی، فردوس کی تمام ورائٹی دستیاب ہے۔

بالمقابل رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پروجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

حافظ محمد بلال

0332-6263802

منفرد اور زندہ تحریروں کا شاہکار

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاول پور

تازہ ترین خبروں اور بے لاگ تبصروں کے ساتھ ہر روز آپ کی خدمت میں مقامی، ملکی اور بین الاقوامی مسائل پر جاندار تبصروں ہلکے پھلکے طنز و مزاح، باتصویر، فیچروں منہ بولتے واقعات چیختی چلاتی کہانیوں، منظومات، غزلیات، معیاری مضامین

اور چونکا دینے والا نت نئے انکشافات کیلئے

ہر شمارہ ..... دلچسپ شمار

نوائے احمد پور شرقیہ پڑھیے

نوائے احمد پور شرقیہ آپ کا اپنا اخبار ہے، پرچہ اپنے ہاکر سے طلب کیجئے

دفتر:

روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ، 246C سیٹلائٹ ٹاؤن بلاک Z احمد پور شرقیہ

0301-7740405

بہاول پور: کمشنر بہاول پور ڈویژن راجہ جہانگیر انور اپنے دفتر کے کمیٹی روم میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں، ایم این اے میاں نجیب اویسی، ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا ہی ای او بہاول پور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نعیم اختر بھی موجود ہیں۔

نئے شہر 01

اویس لغاری سمیت وزراء، ارکان اسمبلی اور دیگر شامل ہوئے۔ اجلاس میں آصف زرداری، مولانا فضل الرحمان، سراج الحق، محمود خان اچکزئی، سردار عبدالمالک، خالد مقبول صدیقی، کالعدم تحریک طالبان سے مذاکرات کرنے والی کمیٹی کے اراکین اور دیگر حکام موجود تھے۔ اجلاس میں ملک کی مجموعی قومی سلامتی کی صورتحال سمیت اہم امور پر بات چیت کی گئی۔ وزیراعظم نے ملک کی موجودہ صورتحال سے کمیٹی کو آگاہ کیا جبکہ عسکری قیادت کی جانب سے پارلیمانی کمیٹی کو ملکی صورتحال اور کالعدم تحریک طالبان پاکستان سے مذاکرات پر بریفنگ دی گئی۔ ذرائع کے مطابق عسکری قیادت نے کالعدم تحریک طالبان) ٹی ٹی پی (کیساتھ ہونے والی بات چیت کے بارے میں پیش رفت سے آگاہ کیا، شرکا کو بریفنگ ڈی جی آئی ایس آئی اور کور کمانڈر پشاور نے دی جبکہ آرمی چیف نے ارکان کے تمام سوالات کے جواب دیئے۔ عسکری قیادت نے بریفنگ میں اب تک بات چیت کے ہونے والے ادوار سے متعلق بتایا اور کہا کہ افغانستان کی حکومت کی سہولت کاری کے ساتھ کالعدم ٹی ٹی پی کے ساتھ بات چیت کا عمل جاری ہے۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ مذاکراتی کمیٹی حکومتی قیادت میں سول اور فوجی نمائندوں پر مشتمل ہے، کمیٹی آئین پاکستان کے دائرے میں رہ کر مذاکرات کر رہی ہے، حتمی فیصلہ آئین پاکستان کی روشنی میں پارلیمنٹ کی منظوری، مستقبل کے لیے فراہم کردہ راہنمائی اور اتفاق رائے سے کیا جائے گا۔ اجلاس میں پارلیمانی فورم نے مذاکراتی کمیٹی کو کالعدم ٹی ٹی پی سے مذاکرات جاری رکھنے کا مینڈیٹ دے دیا، طے کیا گیا کہ ایک پارلیمانی اوورسائٹ کمیٹی تشکیل دی جائے گی جس میں صرف پارلیمانی ممبران شامل ہوں گے، یہ کمیٹی مذاکراتی عمل کی نگرانی کرے گی۔ عسکری قیادت نے ملک کو داخلی و خارجہ سطح پر لاحق خطرات سے آگاہ کیا، اجلاس کو پاک افغان سرحد پر انتظامی امور کے بارے میں آگاہ کیا اور کہا کہ پاکستان افغانستان میں امن اور استحکام کے لیے اپنا تعمیری کردار جاری رکھے گا۔ اجلاس کے شرکا نے اس امید کا اظہار کیا کہ افغانستان کی سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہونے دیا جائے گا۔ پارلیمنٹ ہاس میں ہونے والے اجلاس کے بعد جاری اعلامیے کے مطابق کالعدم تحریک طالبان پاکستان) ٹی ٹی پی (کے ساتھ مذاکرات آئین کے تحت اور پارلیمان کی نگرانی میں ہوں گے۔ پارلیمانی کمیٹی برائے قومی سلامتی نے کالعدم ٹی ٹی پی کے ساتھ بات چیت کے عمل کو آگے بڑھانے کی باضابطہ منظوری دے دی ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ ایک پارلیمانی اوورسائٹ کمیٹی تشکیل دینے کی بھی منظوری دی جو آئینی حدود میں اس عمل کی نگرانی کی ذمہ دار ہوگی۔ اجلاس کے شرکا نے اعادہ کیا کہ دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خلاف پاکستان نے غیر معمولی کامیابیاں حاصل کی ہیں جن کا عالمی سطح پر اعتراف کیا گیا ہے۔ اجلاس نے قوم اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا جن کی وجہ سے ملک کے تمام حصوں میں ریاستی عمل داری یقینی ہوئی۔ اجلاس نے اعادہ کیا کہ دستور پاکستان کے تحت طاقت کا استعمال صرف ریاست کا اختیار ہے۔ اجلاس نے سانحہ اے پی ایس سمیت دہشت گردی کا نشانہ بننے اور اس کے خلاف کارروائی کے دوران شہید ہونے والوں کی قربانیوں کا اعتراف کرتے ہوئے واضح کیا ریاست پاکستان اپنے شہدا کی قربانیوں اور متاثرہ خاندانوں کی امین و محافظ تھی، ہے اور رہے گی۔ اجلاس نے بہادر قبائلی عوام کو بھی زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اعتراف کیا ان کی قربانیوں اور کلیدی حمایت سے شدید مشکلات اور مصائب کے بعد امن واستحکام کی منزل حاصل ہوئی۔ اجلاس کو بتایا گیا سیکیورٹی فورسز کی موثر اور عملی کارروائیاں کلیر، ہولڈ، تعمیر اور اختیارات کی سول انتظامیہ کو منتقلی کی حکمت عملی کا حصہ ہیں۔ اجلاس نے زور دے کر کہا کہ پاکستان کے عوام کی خواہشات کے مطابق ریاست ان علاقوں کو بااختیار بنانے اور ان کی خوش حالی کے لیے پختہ عزم پر کاربند ہے۔ اعلامیے کے مطابق افغان حکومت کی معاونت اور سول وفوجی حکام کی قیادت میں حکومت پاکستان کی کمیٹی کالعدم ٹی ٹی پی کے ساتھ آئین پاکستان کے دائرہ کار کے اندر رہتے ہوئے بات چیت کر رہی ہے تاکہ علاقائی اور داخلی امن کو انتہائی مثل سکے۔ اجلاس نے قرار دیا کہ حتمی نتائج پر عمل درآمد دستور پاکستان کی حدود وقیود کے اندر ضابطے کی کارروائی کی تکمیل اور حکومت پاکستان کی منظوری کے بعد ہوگا۔ اجلاس نے نیشنل گرینڈ ریکنسلیشن ڈائیلاگ کی اہمیت کی تائید کرتے ہوئے قرار دیا کہ آج کی نشست اس سمت میں پہلا قدم ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل 22 جون کو وزیراعظم ہاس میں پارلیمانی رہنماں کا اہم اجلاس ہوا جس میں قومی سلامتی سے متعلق بریفنگ دی گئی تھی۔ اس اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کالعدم ٹی ٹی پی سے متعلق حتمی فیصلہ آئین کی روشنی میں پارلیمنٹ کی منظوری سے کیا جائے گا۔ اعلامیے کے مطابق اجلاس کو مکلی داخلی اور خارجہ سطح پر لاحق خطرات اور تدارک کے لیے اقدامات سے آگاہ کیا گیا اجلاس کو پاکستان اور افغان سرحد پر انتظامی امور کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ پاکستان نے افغانستان میں امن واستحکام کے لیے نہایت ذمہ دارانہ اور مثبت کردار ادا کیا۔ اعلامیے میں کہا گیا تھا کہ اجلاس کے شرکا کو کالعدم ٹی ٹی پی کے ساتھ بات چیت کے بارے میں بھی تفصیلات سے آگاہ کیا گیا۔ اجلاس کو اس تمام پس منظر سے باخبر کیا گیا جس میں بات چیت کا یہ سلسلہ شروع ہوا۔ شرکا کو بتایا گیا کہ افغان حکومت کی سہولت کاری سے کالعدم ٹی ٹی پی سے بات چیت کا عمل جاری ہے۔ حکومتی قیادت میں سول اور فوجی نمائندوں پر مشتمل کمیٹی آئین پاکستان کے دائرے میں بات چیت کر رہی ہے۔ حتمی فیصلہ آئین کی روشنی میں پارلیمنٹ کی منظوری، مستقبل کے لیڑ اہم کردہ رہنمائی اور اتفاق رائے سے کیا جائیگا۔ اعلامیے میں کہا گیا تھا کہ پاکستان افغانستان میں امن اور استحکام کے لیے اپنا تعمیری کردار جاری رکھے گا۔ اجلاس کے شرکا نے اس امید کا اظہار کیا کہ افغانستان کی سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہونے دیا جائے گا۔ پارلیمنٹ ہاس میں ہونے والے اجلاس کے بعد جاری اعلامیے کے مطابق کالعدم تحریک طالبان پاکستان) ٹی ٹی پی (کے ساتھ مذاکرات آئین کے تحت اور پارلیمان کی نگرانی میں ہوں گے۔ پارلیمانی کمیٹی برائے قومی سلامتی نے کالعدم ٹی ٹی پی کے ساتھ بات چیت کے عمل کو آگے بڑھانے کی باضابطہ منظوری دے دی ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ ایک پارلیمانی اوورسائٹ کمیٹی تشکیل دینے کی بھی منظوری دی جو آئینی حدود میں اس عمل کی نگرانی کی ذمہ دار ہوگی۔ اجلاس کے شرکا نے اعادہ کیا کہ دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خلاف پاکستان نے غیر معمولی کامیابیاں حاصل کی ہیں جن کا عالمی سطح پر اعتراف کیا گیا ہے۔ اجلاس نے قوم اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا جن کی وجہ سے ملک کے تمام حصوں میں ریاستی عمل داری یقینی ہوئی۔ اجلاس نے اعادہ کیا کہ دستور پاکستان کے تحت طاقت کا استعمال صرف ریاست کا اختیار ہے۔ اجلاس نے سانحہ اے پی ایس سمیت دہشت گردی کا نشانہ بننے اور اس کے خلاف کارروائی کے دوران شہید ہونے والوں کی قربانیوں کا اعتراف کرتے ہوئے واضح کیا ریاست پاکستان اپنے شہدا کی قربانیوں اور متاثرہ خاندانوں کی امین و محافظ تھی، ہے اور رہے گی۔ اجلاس نے بہادر قبائلی عوام کو بھی زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اعتراف کیا ان کی قربانیوں اور کلیدی حمایت سے شدید مشکلات اور مصائب کے بعد امن واستحکام کی منزل حاصل ہوئی۔ اجلاس کو بتایا گیا سیکیورٹی فورسز کی موثر اور عملی کارروائیاں کلیر، ہولڈ، تعمیر اور اختیارات کی سول انتظامیہ کو منتقلی کی حکمت عملی کا حصہ ہیں۔ اجلاس نے زور دے کر کہا کہ پاکستان کے عوام کی خواہشات کے مطابق ریاست ان علاقوں کو بااختیار بنانے اور ان کی خوش حالی کے لیے پختہ عزم پر کاربند ہے۔ اعلامیے کے مطابق افغان حکومت کی معاونت اور سول وفوجی حکام کی قیادت میں حکومت پاکستان کی کمیٹی کالعدم ٹی ٹی پی کے ساتھ آئین پاکستان کے دائرہ کار کے اندر رہتے ہوئے بات چیت کر رہی ہے تاکہ علاقائی اور داخلی امن کو انتہائی مثل سکے۔ اجلاس نے قرار دیا کہ حتمی نتائج پر عمل درآمد دستور پاکستان کی حدود وقیود کے اندر ضابطے کی کارروائی کی تکمیل اور حکومت پاکستان کی منظوری کے بعد ہوگا۔ اجلاس نے نیشنل گرینڈ ریکنسلیشن ڈائیلاگ کی اہمیت کی تائید کرتے ہوئے قرار دیا کہ آج کی نشست اس سمت میں پہلا قدم ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل 22 جون کو وزیراعظم ہاس میں پارلیمانی رہنماں کا اہم اجلاس ہوا جس میں قومی سلامتی سے متعلق بریفنگ دی گئی تھی۔ اس اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کالعدم ٹی ٹی پی سے متعلق حتمی فیصلہ آئین کی روشنی میں پارلیمنٹ کی منظوری سے کیا جائے گا۔ اعلامیے کے مطابق اجلاس کو مکلی داخلی اور خارجہ سطح پر لاحق خطرات اور تدارک کے لیے اقدامات سے آگاہ کیا گیا اجلاس کو پاکستان اور افغان سرحد پر انتظامی امور کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ پاکستان نے افغانستان میں امن واستحکام کے لیے نہایت ذمہ دارانہ اور مثبت کردار ادا کیا۔ اعلامیے میں کہا گیا تھا کہ اجلاس کے شرکا کو کالعدم ٹی ٹی پی کے ساتھ بات چیت کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کیا گیا۔ اجلاس کو اس تمام پس منظر سے باخبر کیا گیا جس میں بات چیت کا یہ سلسلہ شروع ہوا۔ شرکا کو بتایا گیا کہ افغان حکومت کی سہولت کاری سے کالعدم ٹی ٹی پی سے بات چیت کا عمل جاری ہے۔ حکومتی قیادت میں سول اور فوجی نمائندوں پر مشتمل کمیٹی آئین پاکستان کے دائرے میں بات چیت کر رہی ہے۔ حتمی فیصلہ آئین کی روشنی میں پارلیمنٹ کی منظوری، مستقبل کے لیڑ اہم کردہ رہنمائی اور اتفاق رائے سے کیا جائیگا۔ اعلامیے میں کہا گیا تھا کہ پاکستان افغانستان میں امن اور استحکام کے لیے اپنا تعمیری کردار جاری رکھے گا۔ امید ہے افغان سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہونے دیا جائے گا۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی کاوشوں اور قربانیوں کو دنیا نے تسلیم کیا۔ پاکستانی قوم اور افواج کی قربانیوں سے ریاستی عمل داری اور امن کی بحالی ہوئی۔ آج پاکستان کے کسی حصے میں بھی منظم دہشت گردی کا کوئی ڈھانچہ باقی نہیں رہا۔

نئے شہر 02

(Emir Ozbay) نے وفد کے ہمراہ ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران صحت کے شعبے میں دو طرفہ تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں پاک میڈیکا ایکسپو اور ہیلتھ بزنس فورم کے انعقاد کے حوالے سے بھی گفتگو کی گئی۔

اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان نے کہا کہ پاکستان اور ترکی کے درمیان تاریخی برادرانہ تعلقات محبت، اخوت اور باہمی احترام کی بنیاد پر استوار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلاشبہ ترکی پاکستان کا سب سے زیادہ قابل اعتماد اور مخلص دوست ہے اور ملک کی موجودہ حکومت نے ان تعلقات کو ایک نئی جہت دی ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ صحت، تعلیم، بزنس، انفرا اسٹرکچر اور مواصلات کے شعبے میں دونوں ملکوں کے درمیان تعاون کو فروغ دینے کے بے پناہ مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ترکی کے درمیان عوامی سطحوں پر رابطوں کو فروغ دینے کی بھی ضرورت ہے جس کے لئے ماہرین کے وفود کے تبادلے ہونے چاہئیں۔ گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان نے کہا کہ تعلیم اور صحت کے شعبے میں ترقی، انرجی، بحران اور غربت کا خاتمہ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے میں ترکی کے پاس جدید ٹیکنالوجی موجود ہے جس کے تعاون سے پاکستان میں ماڈل ہسپتال قائم کیے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ امر خوش آئند ہے کہ طیب اردگان ہسپتال جنوبی پنجاب کے عوام کو صحت کی سہولیات فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت پرائیویٹ کمپنیوں کو سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول مہیا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جرمن کمپنی لاہور میں پرائیویٹ ہسپتال قائم کرنے کے منصوبے پر کام کر رہی ہے جبکہ پاک میڈیکا ایکسپو اینڈ بزنس فورم کے انعقاد سے ترکی کی صحت کی جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنے کا موقع ملے گا۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ پاک میڈیکا ایکسپو اینڈ بزنس فورم کا انعقاد خوش آئند ہے۔ بعد ازاں، گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن سے گورنر ہاؤس لاہور میں وزیر اعظم کی مشیر برائے سیاسی امور روبینہ خورشید عالم نے وفد کے ہمراہ ملاقات کی۔ عسکری قیادت نے ملک کو داخلی و خارجہ سطح پر لاحق خطرات سے آگاہ کیا، اجلاس کو پاک افغان سرحد پر انتظامی امور کے بارے میں آگاہ کیا اور کہا کہ پاکستان افغانستان میں امن اور استحکام کے لیے اپنا تعمیری کردار جاری رکھے گا۔ اجلاس کے شرکا نے اس امید کا اظہار کیا کہ افغانستان کی سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہونے دیا جائے گا۔ پارلیمنٹ ہاس میں ہونے والے اجلاس کے بعد جاری اعلامیے کے مطابق کالعدم تحریک طالبان پاکستان) ٹی ٹی پی (کے ساتھ مذاکرات آئین کے تحت اور پارلیمان کی نگرانی میں ہوں گے۔ پارلیمانی کمیٹی برائے قومی سلامتی نے کالعدم ٹی ٹی پی کے ساتھ بات چیت کے عمل کو آگے بڑھانے کی باضابطہ منظوری دے دی ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ ایک پارلیمانی اوورسائٹ کمیٹی تشکیل دینے کی بھی منظوری دی جو آئینی حدود میں اس عمل کی نگرانی کی ذمہ دار ہوگی۔ اجلاس کے شرکا نے اعادہ کیا کہ دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خلاف پاکستان نے غیر معمولی کامیابیاں حاصل کی ہیں جن کا عالمی سطح پر اعتراف کیا گیا ہے۔ اجلاس نے قوم اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا جن کی وجہ سے ملک کے تمام حصوں میں ریاستی عمل داری یقینی ہوئی۔ اجلاس نے اعادہ کیا کہ دستور پاکستان کے تحت طاقت کا استعمال صرف ریاست کا اختیار ہے۔ اجلاس نے سانحہ اے پی ایس سمیت دہشت گردی کا نشانہ بننے اور اس کے خلاف کارروائی کے دوران شہید ہونے والوں کی قربانیوں کا اعتراف کرتے ہوئے واضح کیا ریاست پاکستان اپنے شہدا کی قربانیوں اور متاثرہ خاندانوں کی امین و محافظ تھی، ہے اور رہے گی۔ اجلاس نے بہادر قبائلی عوام کو بھی زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اعتراف کیا ان کی قربانیوں اور کلیدی حمایت سے شدید مشکلات اور مصائب کے بعد امن واستحکام کی منزل حاصل ہوئی۔ اجلاس کو بتایا گیا سیکیورٹی فورسز کی موثر اور عملی کارروائیاں کلیر، ہولڈ، تعمیر اور اختیارات کی سول انتظامیہ کو منتقلی کی حکمت عملی کا حصہ ہیں۔ اجلاس نے زور دے کر کہا کہ پاکستان کے عوام کی خواہشات کے مطابق ریاست ان علاقوں کو بااختیار بنانے اور ان کی خوش حالی کے لیے پختہ عزم پر کاربند ہے۔ اعلامیے کے مطابق افغان حکومت کی معاونت اور سول وفوجی حکام کی قیادت میں حکومت پاکستان کی کمیٹی کالعدم ٹی ٹی پی کے ساتھ آئین پاکستان کے دائرہ کار کے اندر رہتے ہوئے بات چیت کر رہی ہے تاکہ علاقائی اور داخلی امن کو انتہائی مثل سکے۔ اجلاس نے قرار دیا کہ حتمی نتائج پر عمل درآمد دستور پاکستان کی حدود وقیود کے اندر ضابطے کی کارروائی کی تکمیل اور حکومت پاکستان کی منظوری کے بعد ہوگا۔ اجلاس نے نیشنل گرینڈ ریکنسلیشن ڈائیلاگ کی اہمیت کی تائید کرتے ہوئے قرار دیا کہ آج کی نشست اس سمت میں پہلا قدم ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل 22 جون کو وزیراعظم ہاس میں پارلیمانی رہنماں کا اہم اجلاس ہوا جس میں قومی سلامتی سے متعلق بریفنگ دی گئی تھی۔ اس اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کالعدم ٹی ٹی پی سے متعلق حتمی فیصلہ آئین کی روشنی میں پارلیمنٹ کی منظوری سے کیا جائے گا۔ اعلامیے کے مطابق اجلاس کو مکلی داخلی اور خارجہ سطح پر لاحق خطرات اور تدارک کے لیے اقدامات سے آگاہ کیا گیا اجلاس کو پاکستان اور افغان سرحد پر انتظامی امور کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ پاکستان نے افغانستان میں امن واستحکام کے لیے نہایت ذمہ دارانہ اور مثبت کردار ادا کیا۔ اعلامیے میں کہا گیا تھا کہ اجلاس کے شرکا کو کالعدم ٹی ٹی پی کے ساتھ بات چیت کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کیا گیا۔ اجلاس کو اس تمام پس منظر سے باخبر کیا گیا جس میں بات چیت کا یہ سلسلہ شروع ہوا۔ شرکا کو بتایا گیا کہ افغان حکومت کی سہولت کاری سے کالعدم ٹی ٹی پی سے بات چیت کا عمل جاری ہے۔ حکومتی قیادت میں سول اور فوجی نمائندوں پر مشتمل کمیٹی آئین پاکستان کے دائرے میں بات چیت کر رہی ہے۔ حتمی فیصلہ آئین کی روشنی میں پارلیمنٹ کی منظوری، مستقبل کے لیڑ اہم کردہ رہنمائی اور اتفاق رائے سے کیا جائیگا۔ اعلامیے میں کہا گیا تھا کہ پاکستان افغانستان میں امن اور استحکام کے لیے اپنا تعمیری کردار جاری رکھے گا۔ امید ہے افغان سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہونے دیا جائے گا۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی کاوشوں اور قربانیوں کو دنیا نے تسلیم کیا۔ پاکستانی قوم اور افواج کی قربانیوں سے ریاستی عمل داری اور امن کی بحالی ہوئی۔ آج پاکستان کے کسی حصے میں بھی منظم دہشت گردی کا کوئی ڈھانچہ باقی نہیں رہا۔

نئے شہر 03

پہلے دن سینٹر یب ترین طبقے کو مشکل معاشی حالات کے اثر سے بچانا ہماری اولین ترجیح رہی ہے، معاشی حالات بہتر ہوتے کے ساتھ ہی ہم عوام کو مزید سہولیات فراہم کریں گے، اس وقت وزیر اعلیٰ پنجاب کا ماہانہ 100 یونٹس تک استعمال کرنے والے خاندانوں کے لیے بجلی کی مفت فراہمی کا اعلان نہایت خوش آئند ہے۔ خیال رہے کہ وزیراعلیٰ حمزہ شہباز نے پنجاب میں متحی الیکشن سے پہلے عوام کو بجلی پر ریلیف دینے کا اعلان کیا ہے جس کے تحت 6 ماہ سے 100 یونٹ استعمال کرنے والے صارفین کو بل نہیں دینا پڑے گا کیوں کہ گزشتہ 6 ماہ سے 100 یونٹ ماہانہ استعمال کرنے والوں کو مفت بجلی ملے گی، لاہور میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معیشت کو دوبارہ سے بحال کرنا ہے، اچھے کام ہمیشہ یاد رہتے ہیں، 74 سال بعد پاکستانی قوم دوراہے پر کھڑی ہے، اس وقت سیاست نہیں ریاست کو بچانا ہے، سسکتی معیشت کو بحال کرنا ہے، 2018 میں صفر لوڈ شیڈنگ چھوڑ کر گئے تھے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ عوام سازش کا بیانیہ سن سن کر تنگ آگئے ہیں، بشریٰ بی بی کیہا سب پر غداری کے مقدمے بنائیں، جو گھڑیاں آپ کو تحفے میں ملیں وہ بیچ کر پیسے اپنے جیب میں ڈالے، غریبوں کی جھونپڑیاں گرائی گئیں اور بنی گالا محل کو ریگولرائز کیا۔ دوسری جانب سابق وفاقی وزیر توانائی عمر ایوب نے کہا ہے کہ حمزہ شہباز کا 100 یونٹ مفت بجلی دینے کا اعلان پاک لیگ کی سیاسی چال ہے، حمزہ شہباز کا اعلان پنجاب میں متحنی انتخابات پر اثر انداز ہونے کیلئے ہے، پنجاب حکومت کو اس اعلان کی وجہ سے 160 ارب کی سبسڈی دینا ہوگی، امپورٹڈ حکومت آئی ایم ایف سے قسط کی ادائیگی کیلئے بھیک مانگ رہی ہے، حکومت بجلی کی پیداوار کمپنیوں کو ادائیگی نہیں کررہی جس کی وجہ بجلی کی لوڈ شیڈنگ ہے، حکومت سبسڈی کی ادائیگی کی اہلیت نہیں رکھتی، پنجاب کے عوام مزید لوڈ شیڈنگ کیلئے تیار رہیں، یہ حکومت نہیں سرکس ہے۔

نئے شہر 04

ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اجلاس سے قبل وزیراعظم اور عسکری قیادت کی ملاقات ہوئی۔ ملاقات صدارتی چیمبر میں ہوئی۔ ملاقات میں قومی اور داخلی سلامتی کے امور پر گفتگو کی گئی۔

نئے شہر 05

کے لئے سپریم کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں پنجاب اسمبلی کا اجلاس طلب کیا ہے۔ پنجاب اسمبلی کا وزیراعلیٰ کے انتخاب کے لئے اجلاس 22 جولائی کو شام چار بجے ہوگا، پرویز الٰہی نے اجلاس طلب کرنے کے ارڈر پر دستخط کر دیئے ہیں۔ پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ نے اجلاس طلب کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، نوٹیفکیشن کے مطابق اجلاس کی صدارت ڈپٹی اسپیکر سردار دوست مزاری کریں گے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی نے کہا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کے تحت اجلاس طلب کرلیا ہے، وزیراعلیٰ کے انتخاب کیلئے سپریم کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں اقدامات کر رہے ہیں۔ ایوان میں فیئر اینڈ فری ماحول کے لئے اقدامات کر رہے ہیں۔

نئے شہر 06

شہروں اسلام آباد اور راولپنڈی میں آج ہونے والی طوفانی بارش کے بعد وفاقی دارالحکومت کے تمام ڈیمز میں تیراکی پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ یہ پابندی ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی جانب سے عائد کی گئی ہے اس حوالے سے ان کا کہنا ہے کہ بارشوں کے باعث پانی کا بہاؤ کسی بھی وقت بڑھ سکتا ہے، اس لیے تمام ڈیمز میں تیراکی پر پابندی عائد کردی گئی ہے جب کہ کشتی رانی پر بھی پابندی عائد کی جارہی ہے۔ ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز کے مطابق یہ پابندی دو ماہ کے لیے عائد کی گئی ہے اور اس کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ واضح رہے کہ آج جڑواں شہروں راولپنڈی اور اسلام آباد میں موسلا دھار بارش سے نشیبی علاقے زیر آب آگئے جبکہ نالہ لئی میں پانی کی سطح بلند ہونے پر الرٹ جاری کردیا گیا۔ راولپنڈی کے مختلف علاقوں میں ستاون ملی میٹر سے زائد بارش ریکارڈ کی گئی جبکہ اسلام آباد کے سیکٹر ایچ تیرہ میں تیز بارش سے نالے کی دیواریں ٹوٹ گئیں۔ بارشوں کے پیش نظر ریسکیو راولپنڈی کو الرٹ اور ریسکیو اہلکاروں کو نالہ لئی کے اطراف تعینات کردیا گیا ہے۔

نئے شہر 07

آنے کے بعد مفت بجلی کی فراہمی مسلم لیگ (ن) کی حکومت کے غریب پرور اقدامات ہیں۔ اللہ تعالی نے ہمت دی تو مفت ادویات، سستے آٹے اور مفت بجلی کے بعد عوامی ریلیف کے لئے مزید اقدامات بھی کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی مشکلات کا بھرپور احساس ہے۔ عوام کو ریلیف دینا پہلی ترجیح ہے اور رہے گی۔ اللہ تعالی کی مخلوق کی مشکلات میں کمی کے لئے مخلصانہ کاوشیں کررہے ہیں۔ مفت بجلی کی فراہمی سے مخلوق خدا کو ریلیف ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ سیاست ہوتی رہے گی، اب ریاست کا سوال ہے۔ مفت بجلی کی فراہمی کے اقدام کا مقصد عام آدمی کی مشکلات میں کمی لانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 100 یونٹ تک بجلی استعمال کرنیوالوں کا بل حکومت پنجاب ادا کریگی۔ صوبے کے 5 کروڑ 50 لاکھ افراد کو رواں ماہ سے مفت بجلی دی جائیگی۔ اگست میں آنیوالے بل کی ادائیگی حکومت پنجاب کریگی۔ وزیراعلی پنجاب روشن گھرانہ پروگرام کا آغاز رواں ماہ سے کیا گیا ہے۔ معیشت کو سنبھالنے کے ساتھ عام آدمی کو ریلیف دینے کیلئے تمام تر کاوشیں کی جا رہی ہیں۔ "وزیراعلی پنجاب روشن گھرانہ پروگرام کا اجرا عوام کو ریلیف کے لئے ہماری پرخلوص نیت کا عملی اظہار ہے۔ انہوں نے کہا کہ نعرے نہیں لگاتے بلکہ وعدے نبھاتے ہیں اور عمل کر کے دکھاتے ہیں۔ مسلم لیگ) ن (کے تمام اقدامات کا محور عام آدمی کو سکھ دینا ہے۔ وہ اراکین قومی وصوبائی اسمبلی سے گفتگو کر رہے تھے، جنہوں نے آج ماڈل ٹاؤن میں وزیر اعلی حمزہ شہباز سے ملاقات کیں۔ اراکین اسمبلی نے پنجاب کے عوام کیلئے مفت بجلی کی فراہمی کے اعلان پر وزیر اعلی حمزہ شہباز کے تاریخ ساز اقدام کو سراہا۔ وزیر اعلی پنجاب حمزہ شہباز سے گوجرانوالہ سے مسلم لیگ ن کے رکن پنجاب اسمبلی اشرف انصاری نے بھی ملاقات کی، یونس انصاری اور دیگر شخصیات بھی اس موقع پر موجود تھیں۔ اشرف انصاری اور یونس انصاری نے وزیر اعلی حمزہ شہباز کو مفت بجلی مہیا کرنے کے عوام دوست اعلان پر مبارکباد دی۔ وزیراعلی پنجاب حمزہ شہباز شریف سے کسان اتحاد کے وفد نے بھی ملاقات کی، جس میں کاشتکاروں کے مسائل کے حل کیلئے تجاویز پر گفتگو کی گئی۔ وزیراعلی حمزہ شہباز نے کاشتکاروں کے مسائل کے حل کیلئے قابل عمل تجاویز مرتب کرنے کے لئے گروپ تشکیل دیئے کی ہدایت کی۔ رانا مشہود احمد خان، چیف سیکرٹری، محکمہ زراعت، محکمہ آبپاشی کے حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

نئے شہر 08

مطابق وزیر اعظم کی ہدایت پر وزارت صنعت وپیداوار نے سمری تیار کرلی ہے جبکہ بلوچستان میں 34 موبائل اسٹورز بھی قائم کرنے کی تجویز ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سمری منظوری کے لئے کل اقتصادی رابطہ کمیٹی میں پیش کی جائے گی، نئے یوٹیلٹی اور موبائل اسٹورز پر 17 کروڑ 40 لاکھ روپے اخراجات کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ کراچی میں 165 نئے یوٹیلٹی اسٹورز کھولنے کا منصوبہ الگ ہے، دوسرے مرحلے میں کراچی ہی میں نئے اسٹورز کھولنے کی منظوری لی جائے گی۔ واضح رہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے ہفتہ کی تجویز کے اجلاس کے دوران ٹریفک مینجمنٹ کو یقینی بنایا جائے۔ قبل ازیں کمشنر بہاول پور راجہ جہانگیر انور نے آج بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور کا چارج سنبھال کر کام کا آغاز کردیا۔ اس موقع پر ان سے کنٹرولر امتحانات پروفیسر اسما قاسم، سیکرٹری تعلیمی بورڈ پروفیسر شمشاد اختر، سابق چیئرمین بورڈ پروفیسر ڈاکٹر مظہر سعید نے ملاقات کی۔ اس موقع پر سیکرٹری بورڈ نے کمشنر بہاول پور ڈویژن چیئرمین بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن راجہ جہانگیر انور کو فرسٹ ائیر کے جاری امتحابات بارے بریفنگ دی اور سٹاف و بورڈ کے امتحانی طریقہ کار بارے تفصیل سے آگاہ کیا۔ کمشنر بہاول پور ڈویژن / چیئرمین تعلیمی بورڈ بہاول پور راجہ جہانگیر انور نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امتحانات کے شفاف اور میرٹ پر انعقاد کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں اور تمام افسران و ملازمین اپنی ذمہ داریاں دیانت داری سے انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ نئی نسل کو زیور تعلیم سے آراستہ کرکے مستقبل کے چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کے لیے تیار کرنا ہماری قومی ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا جائے۔

نئے شہر 09

کے لیے گائیڈ لائن جاری کردی۔ این سی اوسی کا کہنا ہے کہ عید الاضحیٰ کی نماز کھلی جگہوں پر ادا کی جائے۔ اجتماعات مسجد کے بجائے کھلے میدانوں میں منعقد کیے جائیں۔ این سی اوسی کے مطابق کورونا سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر اپنا ضروری ہیں۔ نماز عید کے اجتماع ایک ہی جگہ پر رکھنے کے بجائے دو یا تین جگہوں پر کیے جائیں۔ این سی اوسی نے علمائے کرام سینیٹائزر کے استعمال کی تلقین کرنے اور نماز کے خطبہ مختصر رکھنے کی ہدایت کی ہے۔ این سی اوسی کا کہنا ہے کہ کورونا، بخار وغیرہ کی علامات کے ساتھ لوگ اجتماع میں شرکت نہ کریں۔

نئے شہر 10

کردار بہت اہم ہے۔ گزشتہ تین برسوں میں اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور میں طلباء کی تعداد 13,500 سے بڑھ کر 60